

نوٹس

# 8

# برقیاتی وسائل

# (ELECTRONIC RESOURCES)

## 8.1 تعارف

انٹرنیٹ کی آمد افراد اور اداروں کے کام کرنے کے طریقے میں ڈرامائی تبدیلی لے آئی ہے۔ اس کی وجہ سے لائبریری کے کام کرنے کے طریقے اور قارئین / ممبران کو خدمات فراہم کرنے کے طریقے میں زبردست تبدیلی آگئی ہے۔ موجودہ دور میں لائبریریاں کتابوں ، رسائل ، اخبارات، تحقیقی مقالے اور مقالے کے برقیاتی نسخے مستعدی سے حاصل کرلیتی ہیں، انہیں منظّم اور ان کی نمائش کرتی ہیں ۔ یہ تبدیلی اس لئے بھی آئی کیوں کہ لائبریری میں تلاش مواد ، اور اسے استعمال کرنے والوں کے انداز میں تبدیلی آچکی ہے۔ متلاشی کی نئی نسل آن لائن وسائل کو ترجیح دیتی ہے کیوں کہ وہ تمام معلومات کو ماؤس کی ایک کلک پر حاصل کرلینا چاہتی ہے۔ برقیاتی وسائل e-souercesاپنے اندر کچھ داخلی خصوصیات رکھتے ہیں جن کی بدولت استعمال کرنے والوں کو کافی آسانی ہوتی ہے۔ اس سبق میں برقیاتی وسائل کے تصور اور اس کی اہمیت پر گفتگو کی گئی ہے۔ اس سبق میں مختلف قسم کے برقیاتی وسائل ان کی برتری اور خامیوں پر گفتگو کی جائے گی۔



نوٹس

## 8.2 مقاصد

اس سبق کا مطالعہ کر لینے کے بعد آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- برقیاتی وسائل کی تعریف اور ان کی اہمیت کو پورے طور پر سمجھ سکیں؛
- مختلف قسم کے برقیاتی وسائل کی درجہ بندی کر سکیں؛
- برقیاتی کتاب اور برقیاتی رسائل کی تعریف بیان کر سکیں؛
- برقیاتی ڈاٹا بیس کے تصور کو سمجھ سکیں؛ اور
- کتابیاتی ڈاٹا بیس اور مکمل متنی ڈاٹا بیس کے درمیان فرق کر سکیں؛

## 8.3 برقیاتی وسائل، (E-RESOURCE)

برقیاتی وسیلہ معلومات ایک ایسا مواد ہے جس کے متن تک رسائی حاصل کرنے اور اسے مفید مطلب بنانے کے لئے کمپیوٹر درکار ہوتا ہے۔ آن لائن اور آف لائن دونوں طرح کے وسائل جیسے سی ڈی روم، برقیاتی وسائل کے دائرہ کے اندر آتی ہیں۔ برقیاتی وسائل کی اصطلاح ان تمام وسائل پر محیط ہیں جنہیں کتب خانہ، کمپیوٹر نظام کے توسط سے فراہم کرتا ہے۔

برقیاتی وسائل کو آن لائن وسائل معلومات کی حیثیت سے بھی جانا جاتا ہے، جن میں کتابیاتی مواد، برقیاتی حوالہ جاتی کتب، کتابوں کا متن تلاش کرنے والے سرچ انجن اور علمی مواد کا ڈیجیٹل ذخیرہ۔ برقیاتی وسائل میں ''ہندسی بالاصل'' (Bora Digital) مواد جسے براہ راست آن لائن صورت میں ہی تیار کیا گیا ہو مثلا برقیاتی مجلّہ، برقیاتی علمی مواد، اور مطبوعہ مواد جسے اسکین کرنے کے بعد ہندسی (ڈیجیٹل) شکل میں تبدیل کیا گیا ہو، دونوں شامل ہیں۔ جس طرح مطبوعہ مواد کتب خانوں کی ملکیت ہوتا ہے، برقیاتی وسائل یعنی برقیاتی رسائل، آن لائن علمی مواد وغیرہ کتب خانوں کی ملکیت ہوتا ہے، برقیاتی وسائل یعنی برقیاتی رسائل، آن لائن علمی مواد وغیرہ کتب خانوں کی ''ملکیت'' نہیں ہوا کرتے۔ برقیاتی وسائل کی ملکیت ان وسائل کو فراہم کرنے والوں کے پاس ہوتی ہے۔ برقیاتی وسائل تک انٹرنیٹ کے توسط سے مفت بھی ہو سکتی ہے اور فیس کے عوض بھی ہو سکتی ہے۔

برقیاتی وسائل کی مثالوں میں چندوہ رسائل، انسائیکلوپیڈیا، اخبارات، مضامین و مقالات ہیں جو ان





## برقیاتی وسائل

وسائل کی شکل میں شائع ہوتے ہیں۔ انٹرنیٹ سے مربوط آلہ جات مثلاً کمپیوٹر، ٹیبلیٹ، اسمارٹ فون وغیرہ کے توسط سے ان تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

### 8.3.1 برقیاتی وسائل کی خوبیاں

برقیاتی وسائل کی کئی خوبیاں بیان کی گئی ہیں ان میں سے چند یہ ہیں:

- انٹرنیٹ کے ذریعہ ہی برقیاتی وسائل تک رسائی ممکن ہے۔ اس کے لئے متلاشی مواد کو لائبریری جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ جو لوگ دور دراز کے علاقوں میں رہتے ہیں ان کے لئے یہ ذریعہ بہت مفید اور کارآمد ہے۔ مواد استعمال کرنے والے مضامین کو اپنے کمپیوٹر میں منتقل کر کے انہیں محفوظ کر سکتا ہے۔
- ایک مقام پر ان تمام ہی وسائل یعنی مضامین یا رسائل تک بیک وقت کئی افراد رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔
- استعمال کرنے والے کی سہولت کے اعتبار سے برقیاتی وسائل تک کہیں سے بھی اور کسی بھی وقت رسائی ہوسکتی ہے۔
- محض تنہا سرچ انٹرفیس کے توسط سے بڑی تعداد میں وسائل تلاش کیا جاسکتا ہے۔
- برقیاتی وسائل اپنے استعمال کئے جانے کے اعداد وشمار بھی جمع رکھتے ہیں، جن کی مدد سے لائبریری عملہ وسیلہ معلومات کے استعمال کے بارے میں جانکاری حاصل کر سکتا ہے۔
- مضامین اور رسائل کے شماروں مطبوعہ نسخے کے ملنے کی بہ نسبت آن لائن متن جلد منظر عام پر آجاتے ہیں۔
- برقیاتی وسائل ہائپر ٹیکسٹ فارمیٹ اور لنک Link متن مضمون سے تعلق رکھنے والے متن و مضامین کی طرف رہنمائی کرتے ہیں۔
- برقیاتی وسائل میں سمعی، بصری، اور متحرک تصویری متون بھی ہوتے ہیں جو مطبوعہ صورت میں ندارد ہوتے ہیں۔
- برقیاتی وسائل کی خریداری لائبریریوں میں جگہ کی بچت کرنے میں مدد کرتی ہے۔

گلوب: ایک ایسا نقشہ جو ایک کھوکھلے دائرے کے اوپر چھاپا یا چپکا دیا گیا ہو۔



نوٹس

## 8.3.2 برقیاتی وسائل کی خامیاں

- برقیاتی وسائل کا مطالعہ کرنے کے لئے قارئین کو انٹرنیٹ تک رسائی حاصل کرنی پڑتی ہے۔
- اگر لائبریری کسی برقیاتی رسالہ کی خریداری ملتوی یا موقوف کردیتی ہے تو یہ یقینی نہیں رہتا کہ اس رسالہ کے سابقہ شماروں تک لائبریری کی رسائی ہوسکے گی۔ جبکہ لائبریری اگر مطبوعہ نسخہ خریدتی رہی ہو تو سابقہ شمارے اس کی ملکیت میں ہی رہتے ہیں۔ یہی معاملہ برقیاتی کتاب E-Book کا ہے کہ اگر کتب خانہ کسی e-book کی خریداری موقوف کردیتا ہے تو اس کتاب تک رسائی روک دی جاتی ہے۔ جبکہ اس کتاب کا مطبوعہ نسخہ ایک بار خرید لینے کے بعد ہمیشہ کتب خانہ کی ملکیت میں رہتا ہے۔
- برقیاتی وسائل کے لئے ضروری ہے کہ انہیں (کمپیوٹر) اسکرین پر ہی پڑھا جائے جو کہ اکتا دینے والا اور نقصان دہ عمل ہے۔

## 8.3.3 برقیاتی وسائل کے انتظامی پہلو

برقیاتی وسائل کے انتظامی پہلوؤں میں درج ذیل امور شامل ہیں:

### انتخاب مواد:

برقیاتی وسائل کا انتخاب درج ذیل میں سے کسی بھی طریقے سے کیا جاسکتا ہے

1۔ انٹرنیٹ سرفنگ کرنے کے دوران اتفاقاً کارآمد مواد کا مل جانا
2۔ تعلیمی شعبہ جات کی سفارش
3۔ دوسری لائبریریوں کی جانب سے فراہم برقیاتی وسائل کا جائزہ
4۔ ناشرین کے اشتہارات

### حصولیابی:

لائبریری مطبوعہ وسائل اپنے پاس رکھنے کے لئے حاصل کرتی ہے۔لیکن برقیاتی وسائل کے لئے لائبریریوں کو رسائی لائسنس لینا پڑتا ہے۔ برقیاتی وسائل کی تحصیل میں جن چند اہم اقدام کو دخل ہوتا ہے، وہ درج ذیل ہیں:



نوٹس

## برقیاتی وسائل

### قیمت کا تعین

لائبریری کو یہ طے کرنا ہوتا ہے کہ برقیاتی وسائل کے حصول کا کام لائبریری کا عملہ کرے گا یا کسی مستقل کارکن کے ذریعہ یہ کام انجام دیا جائے گا۔ یا کسی ایسے کارکن کی ضرورت ہوتی ہے جسے برقیاتی طور پر دستیاب وسائل کے کاموں کی مہارت حاصل ہو۔ برقیاتی وسائل کے حصول اور انہیں درکار مراحل سے گزارنے کے لئے کارکن میں لائسنس کے شرائط پر گفتگو کرنے کا تجربہ، برقیاتی وسائل کی ساخت سے واقفیت درکار ہوتی ہے۔

### لائسنس

لائسنس دراصل لائبریری اور ناشرین کے درمیان ایک تحریری معاہدہ ہے۔اس معاہدے کے مختلف پہلو ہوتے ہیں۔مثلا ادئیگی کی رقم کا حساب لگانے کا طریقہ مواد کا استعمال کرنے والوں کی تعریف، استعمال پر پابندی، گزشتہ شماروں کو رکھنے کے حقوق وغیرہ۔ لائسنس معاہدے عام طور پر تاجر کے فائدے کے لئے تحریری کئے جاتے ہیں، اس لئے حق شرائط طے کرنے میں لائبریری کے مفاد کی شرائط پر نظر رکھنی چاہئے۔

### بجٹ کا بندوبست

برقیاتی وسائل حاصل کرنے کے لئے لائبریریاں عام طور پر ایک الگ بجٹ مخصوص کرتی ہیں۔

### کیٹلاگ سازی

برقیاتی وسائل کے کیٹلاگ تیار کئے جاتے ہیں اور کیٹلاگ کی تفصیلات لائبریری کے OPAC میں درج کی جاتی ہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ بعض لائبریریاں ان کی فہرست اپنی ویب سائٹ پر ڈال دینے کا فیصلہ کرسکتی ہے اور ان تک پہنچنے کے لئے رابطے فراہم کردیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ وہ ان کی کیٹلاگ سازی نہ کریں۔

### انتظامی امور

برقیاتی وسائل کی دیکھ بھال ایک اہم مسئلہ ہے۔ لائبریری برقیاتی وسائل کے انتظامی امور کے لئے





کارکن کا تعین کرتی ہے۔ یہ کارکن اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ خریدے گئے برقیاتی وسائل لائبریری کی آئی پی (Intrnent Portal) کی دسترس کے لئے بنائے گئے آداب کی حدود کے تحت قابل حصول ہیں۔ بعض برقیاتی وسائل مطالعہ کرنے والے قاری کے نام اور دسترس کے لئے مخصوص لفظ (پاس ورڈ) کے توسط سے ہی قابل رسائی ہوتے ہیں۔ لائبریری عملہ کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ قاریوں کے نام/دسترس کے الفاظ کی تقسیم کریں۔ اگر کوئی برقیاتی وسیلہ قابل رسائی نہیں ہے تو ایسی صورت میں اگر کارکن بھی اس پریشانی کو حل نہ کر پائے تو اس پریشانی کے حل کے لئے ناشر سے رابطہ کیا جایا ہے۔

### عملہ کی تربیت اور استعمال کرنے والوں کی تربیت

برقیاتی وسائل معلومات تک دسترس ان میں درکار مواد کی تلاش اور انہیں اخذ کرنے کے لئے لائبریری کے عملے کو تربیت دینی پڑتی ہے۔ لائبریریوں کو پروگرام منعقد کرنے چاہئیں جن کے ذریعہ وہ قارئین کی وسائل کو استعمال کرنے کے سلسلے میں تربیت کرسکیں۔ اس طرح وہ قارئین کے درمیان برقیاتی وسائل کے استعمال کو فروغ دیتی ہیں اور بہتر بناتی ہیں۔

### 8.3.4 برقیاتی وسائل کی اقسام

برقیاتی وسائل کی مختلف قسمیں ہیں، جو ذیل میں بیان کی گئی ہیں:

- برقیاتی رسائل E-Journals
- برقیاتی کتابیں E-Books
- برقیاتی ڈیٹا E-Data
- برقیاتی رپورٹیں
- برقیاتی تحقیقی مقالات اور
- ادارہ جاتی ڈیٹا تحفظ گاہیں

## 8.4 برقیاتی رسائل

برقیاتی رسائل کی تعریف ایسے رسالہ سے کی گئی ہے جو عموماً انٹرنیٹ پر برقیاتی صورت میں (الیکٹرانک فارمیٹ میں) شائع ہوتا ہے۔ ایک رسالہ سے مراد ہے ایسی اشاعت جو ایک معین وقفہ

## برقیاتی وسائل




سے شائع ہوتا ہے ۔ وہ ہفتہ وار ہوسکتا ہے ، پندرہ روزہ ہوسکتا ہے ، ماہانہ ، سہ ماہی یا سالانہ وقفہ سے شائع ہوسکتا ہے ۔ برقیاتی رسالہ کی اصطلاح درج ذیل اشاعتوں کے لئے استعمال ہوتی ہے ۔

8.4 برقیاتی رسائل

- پہلے سے مطبوعہ شکل میں شائع ہونے والے رسالے کا برقیاتی (الیکٹرانک) نسخہ ، جیسے Scientific American، New Scientist، Cell وغیرہ
- صرف برقیاتی شکل میں شائع ہونے والا رسالہ جیسے Ariadue، D.Lib.Magzine وغیرہ ۔
- پہلے سے معروف مطبوعہ رسالہ اپنی مطبوعہ اشاعت موقوف کرکے اسے برقیاتی شکل میں منتقل کردیا ہو۔
- برقیاتی رسالہ مفت بھی دستیاب ہوسکتا ہے ، ایک متعین فیس کی دائیگی کے ذریعہ بھی جو سالانہ ادا کی جاتی ہو، یا اس کے لئے لائسنس حاصل کیا جاتا ہو یا ہر بار استعمال کے بعد رقم ادا کی جاتی ہو ۔

Nature رسالہ کی اسکرین پر نظر آنے والی تصویر ذیل میں دی گئی ہے ۔




شکل 8.1 رسالہ Nature کی تصویر

ماخذ: http://www.nature.com/nature/current issue.html



نوٹس

### 8.4.1 برقیاتی رسالہ کی خوبیاں

برقیاتی رسالہ کی خوبیاں درج ذیل ہیں:

- اس سے کہیں بھی اور کبھی بھی رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔
- کلیدی الفاظ (Key words) کی مدد سے شمارہ کے تسلسل میں جائے بغیر ہی درکار مواد تلاش کیا جاسکتا ہے۔
- وہ مزید معلومات فراہم کی جاتی ہیں جو ابھی مطبوعہ شکل میں دستیاب نہیں ہیں۔
- انہیں محفوظ رکھنے اور جلد سازی کے مسائل ختم ہوجاتے ہیں۔
- تازہ شمارہ کے ساتھ سابقہ شماروں کو دیکھنا بھی ممکن ہوتا ہے۔

### 8.4.2 لائبریری کونسورشیا:

Same as for e-resources given at 8.3.2.

### 8.4.2 لائبریری کونسورشیا:

لائبریری رسائل کے سالانہ چندے کی رقم میں بچت کی خاطر ای-رسالہ کی خریداری اجتماعی طور پر کرتی ہیں۔ اس اجتماعیت یا گروہ میں برقیاتی رسالے حاصل کرنے اور باہم ایک دوسرے کے ساتھ اشتراک کرنے کے لئے لائبریریاں اپنی جماعت یا کوآپریٹیو آرگنائزیشن بنالیتی ہیں۔

بعض گروہی /اجتماعی بندو بست جو برقیاتی حوالہ جاتی وسائل تک دسترس فراہم کرتے ہیں ان کی مثالیں درج ذیل ہیں:

DeLCON-Electronic Library Consortism (delcon.gov.in)

UGCInfoNet digital Library consortism

(http://www.inflibnet.ac.in/econ)

## متن پر مبنی سوالات 8.1

1۔ ایک برقیاتی وسیلہ معلومات (e-resourse) کسے کہتے ہیں؟



نوٹس



2۔ برقیاتی وسائل یا ای-وسائل کی کم از کم تین خوبیاں بیان کیجئے ؟
3۔ برقیاتی وسائل کی کم از کم دو خامیاں بیان کیجئے ؟

## 8.5 برقیاتی کتاب E-Book

برقیاتی کتاب ، جسے الیکٹرانک کتاب یا ڈیجیٹل کتاب بھی کہا جاتا ہے اور جو ڈیجیٹل شکل میں ہوتی ہے متن اور تصاویر پر مبنی ہوتی ہے ۔ اسے کمپیوٹر یا دوسرے ڈیجیٹل آلہ پر پڑھنے کے لئے تیار کیا جاتا ہے ۔ ای- کتابیں معیاری مطبوعہ کتابوں کے ہی ہم پلہ ہوتی ہیں ۔ ای- کتابیں یا برقیاتی کتابیں انواع واقسام کے فارمیٹ میں دستیاب ہوتی ہیں ۔

بعض کتابوں کو آف لائن (انٹرنیٹ کے بغیر) پڑھنے کے لئے ڈاؤن لوڈ کرلیا جاتا ہے ، جب کہ بعض دوسری ای- کتابیں صرف انٹرنیٹ سے منسلک ہوکر آن لائن ہی پڑھی جاسکتی ہیں ۔

### 8.5.1 برقیاتی کتابوں کی خوبیاں

برقیاتی کتابوں یا ای- کتابوں کی خوبیاں درج ذیل ہیں :

- کہیں سے بھی اور کسی بھی وقت ان تک رسائی ممکن ہے ۔
- قاری نوٹ لے سکتا ہے، محفوظ کرسکتا ہے، اور مختلف صفحات کی مطبوعہ نقل لے سکتا ہے ۔
- کتاب میں سے کلیدی الفاظ Key words کی مدد سے مواد تلاش کیا جاسکتا ہے ۔
- بصری Video اور سمعی Audio مواد تک دسترس حاصل کی جاسکتی ہے ۔
- لائبریری میں کتاب کے لئے مزید جگہ ضرورت اور انہیں محفوظ رکھنے کے لئے بندو بست کرنے کا مسئلہ کم یا ختم ہوجاتا ہے۔
- طباعت ، جہاز کے ذریعہ بھیجنے پر یہ کرایہ اور پیکنگ وغیرہ کا خرچ کم ہوجاتا ہے ۔

### 8.5.2 برقیاتی کتاب کی خامیاں

- زیادہ تعداد میں استعمال کرنے والوں کے لئے زیادہ بڑی تعداد میں لائسنس حاصل کرنا پڑتا ہے۔



نوٹس

- ناشر ین ای- کتابوں تک رسائی پر Digital Right Managment یعنی DRM کے ذریعہ دسترس پر کنٹرول رکھتے ہیں جن کی بدولت پڑھنے والا متن کی دسترس میں کسی دوسرے فرد کو نہیں شریک کرسکتا۔

## متن پر مبنی سوالات 8.2

1۔ ای- کتاب یا برقیاتی کتاب کیا ہوتی ہے؟

2۔ ای- کتاب کی خوبیاں لکھئے؟

### 8.5.3 ای- کتاب کا استعمال یا ان تک رسائی

ای- کتاب میں مختلف ناشرین اور مہیا کرنے والوں کے ذریعہ مہیا کرائی جاتی ہیں۔ مہیا کرنے کے ذریعہ کتاب تک رسائی کمپیوٹری نظام، استعمال کے اصول وضوابط ہر ناشر کے مختلف ہوتے ہیں۔

- بازار میں ای- کتابوں کے تاجر اور تجارتی ماڈل بھی مختلف قسم میں دستیاب ہیں۔ کتاب فروخت کرنے کے سلسلے میں انتخاب کے لئے پلان ہیں۔ تجارتی ماڈل میں انتخاب کرنے سے متعلق کئی پلان ہیں جو لائبریری کو ای- کتابیں بیچنے کے سلسلے میں ناشرین یا تاجرین کتب فراہم کرتے ہیں۔
- ایک ہی وقت میں کتنے لوگ ایک ای- کتاب کو استعمال کرسکتے ہیں، اس کی تعداد ہر ناشر کی طرف سے مختلف ہوسکتی ہے۔ ای- کتابیں پہلے آؤ پہلے پاؤ کے اصول پر دستیاب ہوتی ہیں۔
- ای کتابیں مختلف کاپی رائٹ قانون اور ڈیجیٹل رائٹ مینجمنٹ Digital Right Management کے تابع ہوتی ہیں۔ کاپی رائٹ قوانین قاری کو ایک باب یا ای- کتاب کا پانچ فیصد حصہ، ان دونوں میں جو زیادہ ہو، اس کو نقل کرنے کی اجازت دیتی ہیں۔ بعض ناشرین یہ پابندی عائد کرتے ہیں کہ آپ کتنا حصہ پرنٹ یا نقل بذریعہ فوٹو کرا سکتے ہیں اور بعض ناشرین قارئین کو پرنٹ نقل کرنے کی اجازت نہیں دیتے ہیں۔ بعض ناشرین ایسے بھی ہیں جو ایک متعینہ وقفہ تک کے لئے ہی کتاب کو پڑھنے کی اجازت دیتے ہیں۔



نوٹس

## برقیاتی وسائل

ای- کتاب تک رسائی کے لئے قاری کے پاس درج ذیل چیزیں ہونی چاہئیں ۔

- انٹرنیٹ سے مربوط ہونے کی سہولت
- جدید ترین انٹرنیٹ براؤزر، مثلاً انٹرنیٹ ایکسپلورر، کروم فائر فائس ۔
- جدید ترین اڈوب ایکروبیٹ ریڈر Adobe Acrobate Reader ہو کیوں کہ بیشتر ای- کتابیں PDF فائلیں استعمال کرتی ہیں ۔ (یہ فارمیٹ ہے جس میں ای- کتابیں اسکرین پر نظر آتی ہیں )
- ای- کتابیں کمپیوٹر پر پڑھی جاسکتی ہیں یا انہیں کسی دوسرے پڑھنے والے آلے ، جیسے کنڈل ، اینڈ رائڈ، آئی پیڈ، ای- بک ریڈر، نوک (یہ ایک ای- بک ریڈر ہے جسے امریکی کتب فروش بارنس اورنوبل نے تیار کیا ہے ) سونی ریڈر، وغیرہ پر منتقل کیا جاسکتا ہے ۔
- لائبریری ان ای- کتابوں تک رسائی کے لئے ادائیگی کرتی ہے جو تیسرے فریق کی ویب سائٹ پر موجود ہوتی ہیں ۔ جب قاری کسی ای- کتاب تک رسائی حاصل کرنا چاہتا ہے تو وہ ایک فائل ڈاؤن لوڈ کرتا ہے جو چند روز کے بعد خود بخود نا قابل استعمال ہوجاتی ہے ۔ یہ بالکل ایسے ہی ہے جیسے کوئی لائبریری سے جا کر کتاب حاصل کرے جو اسے ایک یا دو ہفتوں کے لئے دی جاتی ہے، اس کے بعد اسے وہ کتاب لائبریری کو واپس کرنی ہوتی ہے ۔

ای کتابیں سپلائی کرنے والوں کی چند مثالیں اس طرح ہیں :

- Myilibrary (http://www.myilibrary.com)
- E-brary (http://www.ebrary.com/corp/corp/index.jsp)
- EBSCO (http://www.ebscohost.com/ebooks/home)
- Springer (http://www.springer.com/librarians/e-content/

ebooks?SGWID=0-40791-0-0-0)

اسپرنگر (Springer) اپنے اسپرنگر لنک کے ذریعہ 88,000 سے زیادہ ای- کتابوں تک رسائی فراہم کرتی ہے ۔ لائبریریاں اپنی ضرورت کے اعتبار سے سال بھر کا ذخیرہ بھی خرید سکتی ہیں یا چند موضوعات پر کتابیں خرید سکتی ہیں ۔ لائبریریاں انفرادی کتابیں حاصل کرنے کے لئے کتابیں جمع کرنے والوں یا آن لائن کتابوں کے اسٹور جیسے amazon.com، springer shop، springer.com سے رابطہ کرتی ہیں ۔ اسپرنگر کی ویب سائٹ کے نظر آنے والے صفحہ کی تصویر نیچے دی گئی ہے ۔

نوٹس





شکل:8.2اسپرنگرویب سائٹ کی تصویر

ماخذ:Source:http://www.springer.com/librarians/e-contents/ebooks?

SGWD=0-40791-0-0-0

آکسفورڈ یونیورسٹی پریس بیس مضامین کے دائرہ سے بشمول علوم انسانی سماجی علوم، طب، قانون وغیرہ سے متعلق 8,000ہزار علمی کتابچے فراہم کرتی ہے۔ وہ ویب سائٹ جہاں یہ مقالات دستیاب ہوتے ہیں یعنی پلیٹ فارم Ocford Scholarship Online کے نام سے معروف ہے۔ اس ذخیرہ میں سال میں تین بار پابندی سے نئے مقالات کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

Oxford Scholarship Online کی تصویراسکرین پراس طرح نظرآتی ہے:




شکل:8.3 آکسفورڈ اسکالرشپ آن لائن کی سرسری تصوری

ماخذ: http://www.oxfordscholarship.com/page/85/about

Safari Technical Books سو سے بھی زیادہ ناشرین 8000 ہزار ای- کتابیں، خاص طور سے کمپیوٹر اپلیکیشن، یوزر اینڈ ٹریننگ مینول کے موضو پر مہیا کراتی ہے۔

http://www.safaribooksonline.com/mkt/brouser/html/whoweare.html

بہت سی ای- کتابیں انٹرنیٹ پر بلا قیمت دستیاب ہوتی ہیں۔ ان میں سے چند کے نام نیچے دئے جاتے ہیں۔

CARRIE: مکمل متنی الیکٹرونک لائبریری http://www.vlib.ive.it/carrie

Free Books: (http://www.e-book.com.au/freebooks.htnl)

Internet Classic Archive:

http://www.classics.mit.end

Internet Public Library

(http://www.ipl.org):



نوٹس



Online Book Page

(http://www.digital.library.upenn.edu/book)

Project Cutenbarg

(http://www.gutenberg.org/wiki/main-page)

VC Press e-books

(http://www.publishing.cdlib.org/vepressebooks)

یہ بات یقینی ہے کہ آئندہ برسوں میں ای۔ کتابیں مطبوعہ کتابوں کی جگہ نہیں لے پائیں گی یہ ہوسکتا ہے کہ قارئین، محققین اور یونیورسٹی اساتذہ ان کو مطبوعہ کتابوں کے تکملے کے طور پر تیزی سے قبول کرلیں۔ ای۔ کتابوں کی حصولیابی میں جو آسانی اور سہولت مہیا رہتی ہے۔ قارئین اس کی قدر کرتے ہیں۔ اندازہ یہ ہے کہ آئندہ پانچ برسوں میں قارئین محققین اور یونیورسٹی اساتذہ بعض کتابوں کے برقی (الیکٹرانک) نسخوں کو ہی ترجیح دینے لگیں گے۔

تحقیق سے متعلق سرگرمیوں میں تبدیلیاں تیزی سے آئیں گی۔ ای کتابیں تحقیق و ریسرچ کے مقصد کے لئے تحقیقی ماحول میں بہت مناسب ہیں، جہاں محقق مخصوص و متعین معلومات حاصل کرنا چاہتا ہے۔ قاری ای۔ کتاب کو از اول تا آخر نہیں پڑھتا جیسا کہ روایتی انداز میں ہوتا ہے، بلکہ وہ اس کا استعمال بھی ایک وسیلہ معلومات یا ماخذ کے طور پر تحقیقی امور سے متعلق سوالات کے جوابات حاصل کرنے کے لئے کرتا ہے۔

## متن پر مبنی سوالات 8.3

1۔ ای۔ کتاب کے دو ناشرین کے نام لکھئے؟

2۔ ای۔ کتابیں ہر موضوع کی مطبوعہ کتابوں کی جگہ کیوں نہیں لے سکتیں، وجہ بتائیے؟

## 8.6 برقیاتی ڈیٹا (الیکٹرانک ڈیٹا بیس)

ڈیٹا بیس Database کی اصطلاح ایسے برقیاتی مجموعہ ریکارڈ کے لئے استعمال ہوتی ہے جو عددی،



نوٹس

متنی یا نقش پر مبنی علمی مواد پر مشتمل ہو۔ اگر یہ علمی مواد www کے توسط سے قابل رسائی ہے تو اسے آن لائن ڈیٹا بیس کے نام سے جانا جاتا ہے ۔ انٹرنیٹ کی ایجاد سے پہلے ، یہ آن لائن علمی مواد CD-ROMڈیٹا بیس کی شکل میں دستیاب ہوتا تھا ۔رسائل کا ڈیٹا بیس رسائل کے مضامین کا مجموعہ ہوتا ہے، جنہیں انفرادی ریکارڈ کی شکل میں مرتب کردیا جاتا ہے ۔ اور ان میں سے مواد کی تلاش کیا جاسکتا ہے ۔ یہ ڈاٹا بیس/ علمی مواد محض کتابیاتی ہوسکتا ہے اور مکمل متن کے ساتھ بھی ۔

### 8.6.1 کتابیاتی ڈاٹا بیس

کتابیاتی علمی مواد کتابیاتی ریکارڈ پر مشتمل ہوتا ہے ۔ یہ شائع علمی مواد کے حوالوں کا ایک مرتب ڈیجیٹل مجموعہ ہوتا ہے ۔ یہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے ہر طرح کے مواد کا ریکارڈ ہوسکتا ہے، یا کسی مخصوص مضمون کے دائرہ کا بھی ہوسکتا ہے ۔

J.Gatehttp://jgate.info,rmindia.co.inایک کتابیاتی علمی مواد /ڈیٹا بیس ہے جو 9483 ناشرین کے 29513ای-رسائل کا ایسا اشاریہ ہے جس میں ناشرین کی ویب سائٹ پر موجود ان مضامین کے مکمل متن سے لنک بھی دیا گیا ہے ۔ یہ ڈاٹا بیس فیس کی دائیگی سے ہی حاصل کیا جاسکتا ہے ۔تمام برقیاتی مضامین شائع کرنے والے رسائل کے حوالے فراہم کرتے ہیں ، جو قارئین کو مضامین یا دوسرے وسائل کی اشاعت سے متعلق معلومات فراہم کرتے ہیں ۔ مثلاً عنوان ، مصنف کا نام، تاریخ اشاعت اور اشاعت کا ذریعہ ۔

اکثر ڈاٹا بیس جو تفصیلات فراہم کرتے ہیں وہ مضامین کی تلخیص بھی کرتے ہیں جو کہ مضمون یا ماخذ کا اختصار ہوتے ہیں ۔ ان کے بغور مطالعہ سے قارئین اور محققین متعلقہ مضمون کے بارے میں بہت کچھ معلوم کرسکتے ہیں اس سے انہیں یہ فیصلہ کرنے میں مدد ملتی ہے کہ آیا انہیں یہ مکمل مضمون پڑھنا چاہئے یا نہیں ۔ سادہ لفظوں میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ محققین بہت شوق سے تلخیص کا استعمال کرتے ہیں کیوں کہ کسی مخصوص مضمون پر کئی کئی جلدوں پر مشتمل مواد میں سے موضوع کی تلاش اور ان کا موازنہ کرنے کے لئے یہ خلاصے ایک فوری اور فیصلہ کن ذریعہ ثابت ہوتے ہیں ۔ خلاصوں کی چند دیگر مثالیں درج ذیل ہیں ۔

Abstract of Hygiene and communicate Disease(AHDE)

http://www.cabi.org/defind.asprsite=1709 page=10168 pid=70

Current Contents

http://www.thomsomerenters.com/products=services/science

science-product/9-2current-contents-connect


نوٹس

### 8.6.2 مکمل متن ڈیٹا بیس

وہ ڈیٹا بیس / علمی مواد جو رسائل کے مضامین کا مکمل متن فراہم کرتا ہو، کتابوں کے ابواب، کانفرنس کے مضامین وغیرہ کا مکمل متن فراہم کرتا ہو، وہ مکمل متن علمی مواد کے نام سے موسوم ہوتا ہے، اس کی مثالیں ہیں ، SCIENCE،JSTOR،PROQUEST، مکمل متن تک رسائی کا مطلب ہے کہ قاری مکمل متن ، مضمون کو پڑھ سکتا ہے ، اسے محفوظ کرسکتا ہے ، اس کا فوٹو لے سکتا ہے ، مکمل متن علمی مواد کی برتری حسب ذیل ہیں ۔

- کسی مضمون کے مکمل متن کو حاصل کرنے میں قاری کا وقت بچتا ہے۔
- جس مواد کو قاری نے ثانوی درجہ میں اشاریہ کی شکل میں دیکھا ہے، اسے مکمل متن کی شکل میں فراہم کئے جانے سے قاری کی توقعات پوری ہوتی ہیں ۔
- تازہ ترین تحقیق تک رسائی حاصل کرنا قاری کے لئے یقینی ہوجاتا ہے۔
- رسائل کی بڑھتی ہوئی تعدا د میں رسائل کے تمام شمارے بشمول گزشتہ شمارے اس میں شامل ہوتے ہیں ۔

Willley Online Library حیاتیات ، صحت علم طبیعات اور سماجی علوم کے میدان سے تعلق رکھنے والے آن لائن وسائل معلومات کا کثیر موضوعاتی مکمل متن علمی مواد ہے ۔ یہ 1500 رسالوں سے ماخوذ 4 ملین سے زیادہ مضامین ، 11500 سے زیادہ آن لائن کتابوں ، حوالہ جاتی مطبوعات ، نیز تجزیاتی تحقیقات تک رسائی فراہم کرتی ہے ۔ Willey Online Library کی ویب سائٹ کے نظر آنے والے صفحہ کی تصویر حسب ذیل ہے۔




شکل:8.4 آن لائن لائبریری کی تصویر

ماخذ:http://www.onlinelibrary.willey.com/doi/10.1002/swf.v23

دیگر مثالیں:

CABI Full Text (http://www.cabi.org)

Acadmic Search Complete

(http://www.ebscohost.com/acadmic/acadmic_search_coplete)

JSTOR (http://www.jstor.org)

Project MUSE (http://muse.jhu.end)

## متن پرمبنی سوالات 8.4

1۔ برقیاتی ڈیٹا بیس کیا ہے؟

نوٹس

2۔ کتابیاتی ڈاٹا بیس کیا ہوتا ہے؟


3۔ حوالے اور تلخیص محققین کی کس طرح معاونت و مدد کرتے ہیں۔

## 8.7 ای-رپورٹ/برقیاتی رپورٹ

رپورٹ ایک ایسا عملی مواد ہے جس میں معلوماتی مواد، تصویری یا جدولی شکل میں ہوتا ہے۔ اسے ضرورت کے مطابق متعینہ طور پر، وقتی طور پر یا مستقل طور پر تیار کیا جاتا ہے۔ رپورٹ کا تعلق ایک مخصوص مدت یا واقعہ یا مضمون سے ہوسکتا ہے۔ اسے عوام تک زبانی یا تحریری شکل میں پہنچایا جاسکتا ہے۔ جو رپورٹ ہندسی (ڈیجیٹل) شکل میں دستیاب ہو، اسے ای-رپورٹ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر، یونیورسٹیاں سالانہ رپورٹیں شائع کرتی ہیں جو یونیورسٹیوں کے بجٹ، اخراجات، سرگرمیوں اور کامیابیوں سے متعلق معلومات فراہم کرتی ہیں۔ ان رپورٹوں کی دسترس انٹرنیٹ پر بھی ہوتی ہے۔

جواہرلال نہروں یونیورسٹی کی سالانہ رپورٹ کی ایک جھلک حسب ذیل ہے:




شکل 8.5: جواہرلعل نہرو یونیورسٹی کی کمپیوٹری اسکرین

ماخذ: http://www.jnu.ac.in/annual reports

پلاننگ کمیشن، حکومت ہند، ایسے متعدد منصوبوں کی جو شروع کئے گئے ہوں یا مکمل ہوئے ہوں، رپورٹس شائع کرتا ہے۔ نیز ان کمپیوٹروں کی رپورٹیں بھی شائع کرتا ہے اور ان کی بھی جو مختلف کاموں کی تکمیل کے لئے بنائی جاتی ہیں۔ پلاننگ کمیشن حکومت ہند کی جانب سے شائع کمپیوٹری تصویر حسب ذیل ہے:




شکل: 8.6 پلاننگ کمیشن گورنمنٹ آف انڈیا کی ویب سائٹ کی ایک کمپیوٹری تصویر

ماخذ: http://www.planningcomminssion.nic.in/reports/

grnrap/index.php.repts-b-repgen.htm


## 8.8ای- تھیس اور مقالے

تحقیقی مقالہ یا مقالہ برائے ماسٹر ڈگری ایک ایسی دستاویز ہوتی ہے جو کسی علمی سند یا پیشہ ورانہ سند اہلیت کے حصول کے ایک امیدوار کی طرف سے پیش کی جاتی ہے۔ تحقیقی مقالہ یا مقالہ عالب علم کے



نوٹس

لئے جانے والے علمی کام یا تحقیق اور اس سے حاصل نتائج کو پیش کرتا ہے۔ طلبہ اپنا تحقیقی مقالہ یا مقالہ یونیورسٹیوں / تعلیمی اداروں کو مطبوعہ شکل میں پیش کرتے ہیں۔ انہیں تحقیقی مقالات کی ڈیجیٹل شکل کو ای۔ تھیسس اور ای۔ڈیزرٹیشن کے نام سے جانا جاتا ہے۔ ہندوستانی یونیورسٹیوں میں ایم فل (Mphil) اور پی ایچ ڈی (Phd) کے مطالبہ سے تحقیقی مقالہ اور مقالہ کا مطبوعہ یا ڈیجیٹل نسخہ جمع کرایا جاتا ہے۔ موجودہ دور میں لائبریریاں اپنے یہاں موجود تھیسس اور ڈیزرٹیشن کا ڈیجیٹلائزیشن کرکے انہیں انٹرنیٹ پر فراہم کررہی ہیں۔ ہندسی (ڈیجیٹل) تھیسس اور ڈیزرٹیشن کے ذخیرے کو ڈیجیٹل ریپوزیٹری کے نام سے جانا جاتا ہے۔ انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس، بنگلور کی ڈیجیٹل ریپوزیٹری کی کمپیوٹری اسکرین پر جھلک نیچے دی گئی ہے۔




شکل: 8.7 انسٹی ٹیوٹ آف سائنس کی ویب سائٹ

ماخذ: http://eld.ncsi.iisc.ernet.in

دیگر مثالیں حسب ذیل ہیں:

shodhganda@INFLIBNET Center ریسرچ اور تحقیق کے طلبہ کو اپنی پی ایچ ڈی کے مقالہ کو جمع کرنے اور اسے جملہ محققین کے لئے قابل دسترس (Open Access) کے لئے ایک پلیٹ فارم



نوٹس


## برقیاتی وسائل

فراہم کرتا ہے ۔ یہ ریپوزیٹری اس قابل ہوتی ہے کہ محققین کے ذریعہ جمع کردہ ای ۔ تھیسس اور ڈیزرٹیشن کا اشاریہ، اسے نشر اور عام کرسکے اور اسے محفوظ کررکھ سکے۔

ودیاندھی Vidyandhi: میسور یونیورسٹی میں مکمل برقیاتی تھیسس کی ڈیجیٹل لائبریری۔

### 8.9 ادارہ جاتی مواد علمی جمع خانہ (ریپوزیٹری)

ادارہ جاتی مواد علمی جمع خانہ (ریپوزیٹری) ایک آن لائن علمی مواد کا ذخیرہ ہوتا ہے جو اس مخصوص ادارہ کے تحقیقی مقالات اور ای۔پرنٹ (برقیاتی مواد) وغیرہ ڈیجیٹل ذخیرے تک رسائی فراہم کرتا ہے تاکہ اسے کمپیوٹر پر دیکھا جاسکے۔ یہ دستاویز یا علمی مواد سے متعلق شناختی تفصیلات فراہم کرتا ہے۔ یعنی طالب علم کا نام، یونیورسٹی کا نام، گریجویشن کی تعلیم مکمل کرنے کا سال، علمی مواد کا عنوان، اس کا خلاصہ، کلیدی الفاظ وغیرہ۔ ادارہ جاتی مواد علمی جمع خانہ کو ڈیجیٹل ریپوزیٹری کی حیثیت سے بھی جانا جاتا ہے۔ یونیورسٹیاں اور تحقیقی ادارے ان مواد علمی جمع خانوں کو ذخیرہ کرنے، منظّم کرنے اور اساتذہ نیز سائنس دانوں کے علمی کاموں کو نمایاں کرنے کے لئے مرتب کرتی ہیں۔ یہ ادارہ جاتی مواد علمی جمع خانہ سالانہ رپورٹوں، گزشتہ سال کے سوالناموں اور نیورسٹیوں اور اداروں کے اساتذہ وسائنسدانوں کے اشاعت سے پہلے کے تیار مضامین تک بھی رسائی فراہم کرسکتی ہیں۔ انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس کی ادارہ جاتی مواد علمی جمع خانہ جو e-prints@IIsc کے نام سے معروف ہے، کی کمپیوٹری جھلک نیچے دی گئی ہے۔




شکل 8.8: تحقیقی مقالات اور مقالات پر مشتمل آن لائن علمی مواد



نوٹس

http://www.eprint.iisc.ernet.in

## آپ نے کیا سیکھا

- انٹرنیٹ کی ایجاد نے معلوماتی وسائل کو حاصل کرنے، منظّم کرنے اور انہیں عام کرنے کے لائبریری کے روایتی طریقے کا نقشہ بدل دیا ہے۔
- لائبریریاں اپنے قارئین کے لئے مطبوعہ ذخیرے کے علاوہ ای-وسائل معلومات (برقیاتی وسائل معلومات) بڑی مستعدی سے حاصل کررہی ہیں۔اس طرح کے وسائل سے ان کو جوآسانی ہوتی ہے اس لئے وہ اس کو فوقیت دیتے ہیں۔
- ای-وسائل (برقیاتی وسائل) تک کہیں سے بھی رسائی حاصل کی جاسکتی ہے کیوں کہ محض اس میں ایک بار کی جستجو سے بڑی تعداد میں وسائل معلومات میں درکار مواد تلاش کیا جاسکتا ہے۔ بنیادی متن سے زیادہ مواد اور متعلقہ مواد سے منسلک دوسرے مواد کی وجہ سے قاری کو متعلقہ موضوع پر مزید مواد حاصل ہوجاتا ہے۔
- برقیاتی وسائل میں سے بعض برقیاتی وسائل، آن لائن علمی مواد، اور ای- کتابیں ہیں۔
- ایسے ناشرین، تاجران، اور مواد کو تجارتی مقصد کے لئے جمع کرنے والے ہیں جو مختلف تجارتی ورسائی ماڈل کے ذریعہ لائبریریوں کو برقیاتی وسائل فراہم کرتے ہیں۔
- اگر چہ مطبوعہ وسائل معلومات لائبریری کی ملکیت میں ہی رہتے ہیں۔ای-وسائل لائبریری کی ملکیت میں نہیں رہتے۔ لائبریریوں کے پاس صرف ان تک رسائی حاصل کرنے کا حق ہوتا ہے۔



نوٹس

## برقیاتی وسائل

### اختتامی سوالات

1۔ مختلف برقیاتی وسائل پر مثالوں کے ساتھ گفتگو کیجئے ؟
2۔ مکمل متنی علمی مواد اور کتابیاتی علمی مواد کے درمیان فرق کو مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے ؟
3۔ ادارہ جاتی مواد علمی جمع خانہ کی تعریف بیان کیجئے اور مثالیں دیجئے ؟
4۔ ای- مقالہ اور ای- ڈیزرٹیشن کیا ہیں؟ مثالوں سے واضح کیجئے ؟
5۔ لائبریریوں میں برقیاتی وسائل کا انتظام کس طرح کیا جاتا ہے؟

### متن پر مبنی سوالات کے جوابات

**8.1**

1۔ ای-وسیلہ یا برقیاتی وسیلہ (ای- ریسورس) معلومات حاصل کرنے کا ہر وہ وسیلہ ہے جو برقیاتی شکل میں ہی قابل دسترس ہوتا ہے۔ ای- وسیلہ کی مثال میں برقیاتی رسائل ، برقیاتی ڈاٹا بیس ، برقیاتی اخبارات، برقیاتی میگزین وغیرہ کو پیش کیا جا تا سکتا ہے ، ان وسائل کے اندر موجود علمی مواد تک رسائی حاصل کرنے کے لئے اور ان سے فائدہ اٹھانے کے لئے کمپیوٹر کو بطور ذریعہ استعمال کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ برقیاتی وسائل کے دائرہ میں آن لائن وسائل اور آف لائن وسائل جیسے سی ڈی روم دونوں ہی آتے ہیں۔

2۔ برقیاتی وسائل کی خوبیاں درج ذیل ہیں:

(i) انٹرنیٹ کی مدد سے دنیا میں کہیں سے بھی برقیاتی وسائل تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ یہ وسیلہ معلومات ان قارئین کے لئے بہت کارآمد ہے جو دور دراز کے علاقوں میں رہتے ہیں انہیں خود کتب خانہ لائبریری تک چل کر آنے کی ضرورت نہیں رہتی۔ قارئین مضامین کو اپنے کمپیوٹر پر اتار کر اسے محفوظ کر سکتے ہیں۔

(ii) ایک ہی وسیلہ معلومات / مضمون یا رسالہ سے ایک ہی وقت میں کئی قارئین استفادہ کر سکتے

ہیں۔

(iii) مطبوعہ وسائل معلومات کی طرح برقیاتی وسائل کی ذخیرہ اندوزی کے لئے جگہ کی ضرورت درکار نہیں ہوتی، جبکہ مطبوعہ وسائل کو اسٹور کرنے کے لئے بہت زیادہ جگہ کی ضرورت ہوتی ہے۔

3۔ برقیاتی وسائل کی خامیاں درج ذیل ہیں:

(i) برقیاتی وسائل معلومات کو پڑھنے کے لئے قارئین کو انٹرنیٹ تک رسائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر قاری انٹرنیٹ سے مربوط نہیں ہے تو وہ برقیاتی وسائل کو حاصل کرسکتا ہے اور ان سے استفادہ کرسکتا ہے۔

(ii) اگر کوئی لائبریری کسی برقیاتی رسالہ کی خریداری موقوف یا ختم کردے تو یہ یقینی نہیں ہوتا کہ لائبریریاں اس رسالہ کے گزشتہ شماروں تک رسائی حاصل کر سکے گی۔ دوسری طرف جب لائبریری کسی مطبوعہ جرنل کی خریداری موقوف کردیتی ہے تو گزشتہ شمار سے اس کی ملکیت میں رہتے ہیں۔ اسی طرح کا معاملہ برقیاتی کتاب کی لائبریری کا بھی ہے۔ اگر لائبریری برقیاتی کتاب کی خریداری موقوف کردے تو اس کتاب تک رسائی ممنوع ہوجاتی ہے، جب کہ کتاب مطبوعہ نسخہ ایک بار لائبریری کے لئے خرید لئے جانے کے بعد ہمیشہ کے لئے لائبریری کی ملکیت ہوتا ہے۔

**8.2**

1۔ برقیاتی کتاب، جسے ای- کتاب یا ڈیجیٹل کتاب کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، متن یا تصویر پر مبنی ایسی کتاب ہوتی ہے جو ڈیجیٹل شکل میں شائع کی جاتی ہے۔ اسے کمپیوٹر یا دیگر ڈیجیٹل (ہندسی) آلات پر پڑھنے کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔

2۔ ای- کتاب کی خوبیاں درج ذیل ہیں:

I۔ کیمپس کے اندر دونوں صورتوں میں ای- کتاب تک رسائی ممکن ہوتی ہے۔

II۔ لائبریریوں میں جگہ کی کمی کا مسئلہ ختم ہوجاتا ہے۔

**8.3**

1۔ برقیاتی کتاب شائع کرنے والے ناشرین درج ذیل ہیں:



## برقیاتی وسائل

(i) Springer: http://www.link.springer.com

(ii) Taylor and Francis: http://www.tandfebooks.com

2۔ برقیاتی کتابیں محققین کثرت سے استعمال کرتے ہیں کیوں کہ ان تک رسائی حاصل کرنے اور تازہ ترین معلومات تلاش کرنے میں بھی سہولت ہوتی ہے۔ عام قارئین میں، مطبوعہ کتابیں ہی ابھی بھی مقبول ومعروف ہیں۔



8.4

1۔ وہ برقیاتی ڈاٹا بیس (برقیاتی علمی مواد) جو رسالوں میں شائع ہونے والے مضامین کے مکمل متن تک رسائی فراہم کرتے ہیں، انہیں مکمل متنی علمی مواد کے طور پر جانا جاتا ہے۔
JSTOR.http://www.jstor.org مکمل متنی علمی مواد کی ہی ایک مثال ہے۔

2۔ کتابیاتی ڈیٹا بیس کتابیاتی ریکارڈ کا ذخیرہ مواد ہوتا ہے، یہ مطبوعہ علمی مواد کے حوالہ جات کا مرتب کیا ہوا ڈیجیٹل ذخیرہ ہوتا ہے۔ ذخیرہ یا علمی مواد اپنی نوعیت کے اعتبار سے یہ عام مضامین بھی ہوسکتے ہیں یا کسی مخصوص دائرہ مضمون سے متعلق ہوسکتے ہیں۔

3۔ حوالے اور تلخیص مختلف مضامین تک رہنمائی فراہم کر کے محققین کی مدد کرتے ہیں۔ نیز یہ فیصلہ کرنے میں بھی ان کی مدد کرتے ہیں کہ آیا وہ مضمون مکمل طور پر پڑھنے کے قابل ہے یا نہیں۔

## مصطلحات

Born Digital: بالاصل ڈیجیٹل اس سے مراد وہ مواد ہوتا ہے جو اصلاً ڈیجیٹل شکل میں ہی تیار کیا گیا ہو، نہ کہ وہ جو پہلے مطبوعہ شکل میں تھا، پھر اسے اسکین کر کے (اس کا عکس لے کر) ڈیجیٹل شکل میں لایا گیا ہو۔

(DRM) Digital Right Managment: یہ اصلاح ڈیجیٹل مواد سے متعلق حقوق کو استعمال کرنے کی شکل کی وضاحت وشناخت کرنے، ان کی ٹریڈنگ، حفاظت کرنے، انہیں مانیٹر کرنے اور ٹریکنگ کرنے کے ضمن میں استعمال کی جاتی ہے۔ DRM سافٹ ویئر برقیاتی کتابوں کے ساتھ اس طرح استعمال کیا جاتا ہے کہ وہ ای۔ کتاب (برقیاتی کتاب) کی طباعت، ڈاؤن لوڈنگ (کمپیوٹروں میں منتقل کرنے) اور اس کے مشملات کو دوسرے مختلف آلات پر پڑھنے



نوٹس

جیسے کاموں کو ممنوع کر دیا ہے۔

مکمل متن ڈیٹا بیس: الیکٹرانک ڈیٹا بیس جو رسائل میں شائع آرٹیکل کے مکمل متن تک رسائی فراہم کرتا ہے اسے مکمل متن ڈیٹا بیس کے طور پر جانا جاتا ہے۔

میٹا ڈیٹا: یہ ساختی معلومات ہیں جو ڈیٹا مد یا ڈیٹا مدوں کے کلکشن کو بیان کرتا ہے۔ یہ ڈیٹا کے بارے میں ڈیٹا ہے۔

پورٹیبل ڈاکومیٹ فارمیٹ (PDF): یہ 1993 میں ایڈوب سسٹم کے ذریعہ تیار کیا گیا ایک فائل فارمیٹ ہے۔ یہ ماخوذ دستاویز کی اوصاف کو محفوظ رکھتا ہے خواہ کوئی سی اپلیکشن ، پلیٹ فار اور ہارڈ وے ٹائپ کو اسے تخلیق کرنے کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔

اسمارٹ فون: یہ ترقی یافتہ سافٹ ویر پر مشتمل ہے موبائل فون ہے جو انٹرنیٹ کو جوڑنے اور ویب سائٹ کی برازررتک کے لیے سہولیات فراہم کرتا ہے۔

## مجوزہ گرمیاں

1۔ 10 رسائل کی ویب سائٹ پر جائیں اور ان کے ہوم صفحات کے اسکرین شاٹ اخذ کریں۔

2۔ موجودہ مواد کی سائٹ پر جائیں اور اس کے ہوم پیج کے اسکرین شاٹ اخذ کریں۔

3۔ کسی مکمل متن کے ڈیٹا بیس کی ویب سائٹ پر جائیں۔ اس کے URL، مواد اور کوریج کے ڈیٹا بیس کے نام لکھیے۔

4۔ کسی کتابیاتی ڈیٹا بیس کے ویب سائٹ پر جائیں۔ اس کے URL، مواد اور کوریج ڈیٹا بیس کا نام لکھیے۔

5۔ کسی پبلشر کے ای بکس کی ویب سائٹ پر جائیں۔ e-book کے کلکشن اور کوریج کے بارے میں لکھیے۔